© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



میں اللہ تعالیٰ سے آپ کے لئے راہِ حق پر گامزن رہنے اور دائمی توفیق کا سوال کرتا ہوں اور والد محترم جناب سماحة الشيخ محمد بن صالح العثيمين کی وفات پر آپ کی تعزیت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان پر وسیع رحمت فرمائے اور انہیں ہمیشگی کے باغوں، اپنے فردوسِ اعلیٰ میں صدیقین، شہداء اور صالحین کے ہمراہ جگہ عطا فرمائے۔

ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اور آپ کو صبر اور تسلی عطا فرمائے۔ اے اللہ انہیں بخش دے اور ان پر اپنی رحمت فرما، اے ربّ العالمین! انہیں معاف کردے، ہمیں اور انہیں بخشش عطا فرما (آمین) والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد بن سعد الدوسری

## مُحدّث اور مجلس التحقیق الاسلامی ... انٹرنیٹ پر

مجلس التحقیق الاسلامی اور ملحقہ اِدارہ جات کے لئے ویب پیج : www.iwt.com.pk

قارئین کے لئے یہ خبر مسرت کا باعث ہوگی کہ مجلس التحقیق الاسلامی اور اس سے ملحقہ دیگر ادارے مثلاً ماہنامہ 'محدث' لاہور، دار الافتاء، جامعہ لاہور الاسلامیہ اور اس کے شعبہ جات، اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ، اسلامک انسٹیٹیوٹ اور اسلامک ہیومن رائٹس فورم وغیرہ کے ویب پیجز تیار کر لئے گئے ہیں اور عنقریب انہیں انٹرنیٹ پر پیش کیا جا رہا ہے۔

اُردو دان طبقہ کی ضرورت اور اُردو میں معیاری ویب سائٹس کی کمیابی کی وجہ سے مجلس التحقیق الاسلامی کی ویب سائٹ مکمل طور پر اُردو میں پیش کی جائے گی۔ جس کے لئے اُردو زبان کی خوبصورت کتابت اور جدید ترین کمپیوٹر پروگرامز سے مدد لی گئی ہے۔ پیشکش کے بہتر معیار کے پیش نظر یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ اس کا شمار اُردو کی چند ایک تیز رفتار اور واضح ترین ویب سائٹس میں ہوگا، جس کے لئے کمپیوٹر ماہرین کو طویل ریسرچ کرنا پڑی ہے ...... یہ پروگرام غیر ملکی قارئین کے تقاضوں، انٹرنیٹ کی اہمیت اور کثرتِ استعمال، غیر مسلم ویب سائٹس کی بھر مار، علم وتحقیق میں کمپیوٹر کے بڑھتے ہوئے استعمال اور اُردو میں پاکستانی حضرات کے لئے انتہائی محدود ویب سائٹس کے پیش نظر شروع کیا جا رہا ہے۔

انٹرنیٹ پر مواد کی زیادتی، اور موضوعات کی کثرت میں چونکہ کوئی مادّی تقاضا حائل نہیں ہوتا، لہٰذا محدث کا انٹرنیٹ ایڈیشن ان شاء اللہ محدث کے عام طبع شدہ ایڈیشن سے قدرے زیادہ مواد پر مشتمل ہوگا۔ جس میں تازہ محدث کے علاوہ محدث کے سابقہ شمارہ جات بھی پیش کئے جائیں گے۔ علاوہ ازیں اِدارہ کے پریس ریلیز، تعارفی اور ضروری نوعیت کے اِعلانات، ایسے مضامین جن سے ادارہ متفق ہو اور انہیں شائع کرنا چاہے اور دیگر اسلامی و دینی نوعیت کے ویب سائٹس کے عنوانات اور معلومات وغیرہ بھی پیش کئے جائیں گے۔ قرآنِ کریم کی تلاوت اور معیاری آڈیو نشریات بھی اس ویب سائٹ میں شامل ہیں۔

یاد رہے کہ اِدارۂ محدث ۲۰ کے لگ بھگ اشاعتی اداروں (روزنامہ اخبارات، ہفتہ وار اور ماہوار مجلّات) کو ہر ہفتہ حالاتِ حاضرہ کے حوالے سے متعدد مضامین اشاعت کے لئے ارسال بھی کرتا ہے، اسی طرح محدث کے نصف سے زائد مضامین بھی متعدد مجلّات وجرائد دوبارہ شائع کرتے ہیں، اس کے پیش نظر مجوزہ ویب سائٹ پر یہ سہولت بھی مہیا کی گئی ہے کہ محدث کے کسی بھی مضمون یا اشاعت کے لئے پیش کردہ مضامین کی کمپیوٹر ٹائپنگ بھی حاصل کی جاسکے تاکہ خواہشمند اپنی ضرورت کے مطابق اس میں تبدیلی کرکے اس کو بآسانی شائع کرسکیں اور انہیں دوبارہ کمپوزنگ نہ کروانا پڑے۔

گذشتہ ماہ بھر سے ویب پیج کے بارے میں جاری کام بالکل آخری مراحل میں ہیں، اُمید ہے کہ مارچ ۲۰۰۱ء کے اَواخر میں قارئین اس سے استفادہ کرسکیں گے۔ ان شاء اللہ!

www.KitaboSunnat.com

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں: حافظ حسن مدنی E-mail: hhasan@wol.net.pk

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com